© rasailojaraid.com



● **رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نظامِ امن عالم**　　مصنف: مولانا مجاہد الحسینی

ضخامت: ۳۳۶ صفحات قیمت: ۳۰۰ روپے　　ناشر: سیرت مرکز، ۶۵۔ بی، پیپلز کالونی نمبر ا، فیصل آباد

قبلہ مولانا مجاہد الحسینی مدظلہ ہمارے عہد کی برکتوں کے باقی رہنے کے اسباب میں سے ایک ہیں۔ آپ نے ایک بھرپور عملی، علمی اور فنی زندگی گزاری ہے۔ مدتوں احرار میں رہے، نوجوانی میں صحافت کی عملی تربیت ایسے بزرگوں کی صحبت میں حاصل کی کہ جن پر خود اردو صحافت کی دینی روایت کو فخر ہے۔ اچھے لوگوں کو سنا، پڑھا اور جی بھر کے سیکھا۔ یعنی مدتے باصحبت گل نشیند اور مآل کار، اب وہ بہت سے اچھے لوگوں کی اچھی صفات کے مرقع اور پرتو بن چکے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب ان کے عمدہ صحافیانہ اور علمی ذوق کی ایک دلیل ہے۔

اس کتاب میں آں محترم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نظامِ امن عالم کو موضوعِ سخن بنایا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ عشروں سے جاری عالمی بدامنی اس کتاب کی وجۂ تحریر ہے۔ اسی طرح کتاب تحریر کرنے سے ایک مقصود اسلام کے خلاف شروع ہونے والے پراپیگنڈے کا رد و جواب بھی ہے۔ کتاب میں اسلامی نظریہ امن تاریخی تناظر میں خود مسلمانوں کے کردار کے ذریعے سے واضح کیا گیا ہے، اُسی طرح دوسرے مذاہب سے متعلق اقوام و افراد خاص طور پر یہود و نصاریٰ کو آئینہ تاریخ میں ان کے اصلی چہرے دکھائے گئے ہیں۔ کتاب کا پورا نام ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نظام امن عالم اور یہود و نصاریٰ کی مسلم کش تباہ کاریاں'' ہے۔

کتاب کے ہیئتی مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے موضوع (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نظام امن عالم) کی بنسبت فاضل مصنف کی زیادہ تر توجہ یہود و نصاریٰ اور اقوامِ مغرب کے سیاہ تاریخی کردار کی طرف رہی ہے۔ یہ موضوع کتاب کے قریباً ۸۰ فیصد صفحوں پر مشتمل ہے، جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نظام امن عالم کے مطالعے کا خواہاں قاری کسی قدر تشنگی محسوس کرتا ہے۔ بہرحال کتاب اپنے موضوع پر ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

(تبصرہ: صبیح ہمدانی)

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان
30 اکتوبر 2008ء
جمعرات بعد نماز مغرب
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961



© rasailojaraid.com